## ٹائٹل IX کے تحت ملازمین کے خلاف ممنوعہ جنسی ہراسانی کی باضابطہ شکایت

شکایت کنندہ اس فارم کا استعمال کرتے ہوئے ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی ("باضابطہ شکایت") کے حوالے سے ایک یا زیادہ ملازمین کے خلاف پرنس ولیم کاؤنٹی پبلک اسکولز (PWCS) کے ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر کے پاس باضابطہ شکایت درج کرا سکتا/سکتی ہے، تاکہ PWCS ٹائٹل IX کے تحت جنسی ہراسانی کے الزام کی تحقیقات کرے ("ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی")، جیسا کہ اس اصطلاح کی وضاحت PWCS ضابطہ 507-3، "ملازمین کے خلاف ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی کے الزامات کے حل" میں کی گئی ہے۔ ایک پیرنٹ ایک بچے کی طرف سے ایک رسمی شکایت بھی درج کرا سکتے ہیں؛ یا، جہاں مناسب ہو، ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر ایک باضابطہ شکایت پر دستخط کر سکتا ہے جس میں ایک جواب دہندہ کے خلاف ٹائٹل IX جنسی ہراسانی کا الزام لگایا گیا ہو، تاکہ تحقیقات شروع کر سکیں۔ موصول ہونے کے بعد، کسی ملازم کے خلاف دائر کی گئی باضابطہ شکایت کا ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر کی جانب سے فوری طور پر جائزہ لیا جائے گا اور اس پر جواب دیا جائے گا۔

جنسی نوعیت کی ہر بدسلوکی ٹائٹل IX کے تحت جنسی ہراسانی کے زمرے میں نہیں آتی۔ کسی ملازم جواب دہندہ کے خلاف جنسی ہراسانی کا ایسا الزام جو ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی کے زمرے میں نہیں آتا، اس پر پالیسی 507 "ملازمت میں امتیازی سلوک اور ہراسانی" میں بیان کردہ تادیبی طریقہ کار کے تحت کارروائی، تحقیق اور فیصلہ کیا جائے گا، اور ایسے الزامات کو ریگولیشن 507-1 "ملازمت میں امتیازی سلوک اور ہراسانی کے دعووں کے لیے شکایتی طریقہ کار" کے مطابق نمٹایا جائے گا۔

اگر آپ کے رسمی شکایت جمع کرانے سمیت ٹائٹل IX گریوینس عمل سے متعلق کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی PWCS ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر، سے 571-374-6839 پر یا TitleIXEquity@pwcs.edu پر رابطہ کریں۔

**اہلیت**: باضابطہ شکایت دائر کیے جانے کے وقت، شکایت کنندہ کا PWCS میں ملازم ہونا ضروری ہے یا وہ PWCS کے کسی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں حصہ لے رہا ہو یا حصہ لینے کی کوشش کر رہا ہو۔

**دائرہ کار:** ٹائٹل IX کے تحفظات کو استعمال کرنے کے لیے، ٹائٹل IX کے تحت جنسی ہراسانی امریکہ میں اور PWCS کے زیر انتظام کسی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی کے اندر واقع ہونی چاہیے۔ یہ الزام کہ کسی ملازم نے کہیں اور جنسی نوعیت کی ہراسانی کی ہو، اس کا جواب دیا جائے گا، اس کی تحقیقات کی جائیں گی اور PWCS پالیسیوں اور ضوابط میں ملازم کی بدعنوانی سے متعلق تادیبی طریقہ کار کے تحت حل کیا جائے گا۔

**رازداری**: جہاں تک ممکن ہو، باضابطہ شکایت اور اس کی تحقیقات سے متعلق معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا، سوائے ان صورتوں کے جب مکمل اور منصفانہ تحقیقات یا ذمہ داری کے کسی فیصلے کے خلاف اپیل کے لیے اس کا استعمال ضروری ہو؛ جواب دہندہ کو اپنا دفاع کرنے کا موقع فراہم کرنا ہو؛ مناسب معاون اقدامات، ٹائٹل IX کے تحت علاجی اقدامات، اور/یا تادیبی کارروائیوں کی سفارش پر عمل درآمد کرنا ہو؛ کسی سمن، عدالتی حکم یا حکومتی تفتیش کا جواب دینا ہو؛ یا باضابطہ شکایت سے پیدا ہونے والی کسی قانونی کارروائی یا قانونی تقاضوں کے تحت PWCS یا اس کے ملازمین کا دفاع کرنا ہو۔

**جھوٹے بیانات ممنوع ہیں**: کوئی بھی طالب علم جو جان بوجھ کر جھوٹی رپورٹ یا شکایت درج کرے، یا جان بوجھ کر غلط بیان پیش کرے، اس کے خلاف PWCS ضابطۂ اخلاق کے تحت تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

اسی طرح، کوئی بھی PWCS ملازم جو جان بوجھ کر جھوٹی رپورٹ یا شکایت درج کرے، یا جان بوجھ کر غلط بیان پیش کرے، اس کے خلاف ریگولیشن 503-1، 'تمام ملازمین کے لیے پیشہ ورانہ طرزِ عمل کے معیارات'؛ اور ریگولیشن 572-1، 'تادیبی کارروائی' کے تحت کارروائی کی جائے گی، جس میں ملازمت سے برطرفی تک کی سزا شامل ہو سکتی ہے۔

**جوابی کاروائی اور/یا مداخلت ممنوع ہے**: اس فرد کے خلاف کسی بھی قسم کی انتقامی کاروائی سختی سے ممنوع ہے جو مبینہ جنسی ہراسانی کی رپورٹ کرے؛ ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی کی باضابطہ شکایت درج کرے؛ یا مبینہ جنسی ہراسانی کی ٹائٹل IX کے تحت تحقیقات میں مدد کرے، حصہ لے، یا حصہ لینے سے انکار کرے۔ سٹوڈنٹ اور ملازمین تحقیقات میں مداخلت یا رکاوٹ نہیں ڈال سکتے اور نہ ہی کسی گواہ کی گواہی پر اثر ڈالنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ طلباء کی جانب سے اس نوعیت کی بدسلوکی کا تدارک PWCS کے "ضابطۂ اخلاق" کے تحت کیا جائے گا اور اس کے نتیجے میں تادیبی کاروائی ہو سکتی ہے، جس میں PWCS سے اخراج تک کی سزا شامل ہو سکتی ہے۔ PWCS کے ملازم کی ایسی بدسلوکی کو غیر پیشہ ورانہ رویہ سمجھا جائے گا، جو ضابطہ 503-1 اور 572-1 کے تحت تادیبی کاروائی کے تابع ہوگا، یہاں تک کہ ملازمت سے برطرفی تک بھی۔

**حصّہ I: شکایت کنندہ (مبینہ ہراسانی کا شکار)**

نام:______________________________________

سٹوڈنٹ کا آئی ڈی نمبر (اگر قابل اطلاق ہے):______________________________

پیرنٹ کا نام (اگر قابل اطلاق ہے):______________________________

پیرنٹ کا ای-میل ایڈریس:______________________________

پیرنٹ کا ٹیلیفون نمبر:______________________________
گھر/سیل ورک

سکول/کام کی جگہ:______________________________

PWCS سے رشتہ ☐ سٹوڈنٹ ☐ پیرنٹ ☐ PWCS ملازم ☐ دیگر__________

نوٹس کی وصولی کے لیے پتہ: رسمی شکایت سے متعلق تمام نوٹس اور رابطہ الیکٹرانک اور امریکی ڈاک کے ذریعے درج ذیل پتوں پر بھیجا جائے گا۔

نام:______________________________

ڈاک کا پتہ:______________________________

ای-میل ایڈریس:______________________________

**حصّہ II:** جواب دہندہ (وہ فرد جس نے مبینہ طور پر بدسلوکی کی ہے۔)

نام:______________________________________

سکول یا ڈیپارٹمنٹ:______________________________

PWCS سے رشتہ ☐ سٹوڈنٹ ☐ PWCS ملازم ☐ دیگر______________

(اگر کوئی اضافی جواب دہندہ ہیں تو ہر ایک کو درج کرنے کے لیے ایک علیحدہ صفحہ لیں جس میں ہر جواب دہندہ کا سکول اور PWCS سے رشتہ درج ہو۔ اس فارم کے پچھلی طرف اور حاشیے میں مت لکھیں۔)

**حصہ III: ٹائٹل IX کے تحت جنسی ہراسانی کا الزام ممنوع ہے**

(اگر مزید جگہ درکار ہے تو براہ مہربانی اضافی صفحات شامل کریں اور اس فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ اس فارم کے پچھلی طرف اور حاشیے میں مت لکھیں۔)

1. نیچے دیے گئے باکس(باکسوں) کو چیک کریں جو مبینہ بدعنوانی کی بہترین وضاحت کرتا ہے۔
   - ☐ شکایت کنندہ کو PWCS پروگرام یا سرگرمی میں شدید اور وسیع اور توہین آمیز جنسی نوعیت کے ناپسندیدہ رویے کا سامنا کرنا پڑا۔
   - ☐ شکایت کنندہ کو PWCS پروگرام یا سرگرمی میں ڈیٹنگ تشدد، گھریلو تشدد، جنسی زیادتی، اور/یا تعاقب کا سامنا کرنا پڑا۔
   - ☐ PWCS کے ایک ملازم نے شکایت کنندہ کی جنسی طرزِ عمل میں شرکت کو PWCS کی کسی امداد، فائدے یا سروس کے حصول سے مشروط کر دیا۔

2. خاص طور پر، ٹائٹل IX کے تحت مبینہ جنسی ہراسانی کہاں واقع ہوئی؟

______________________________________________

3. ٹائٹل IX کے تحت مبینہ جنسی ہراسانی کب واقع ہوئی؟ (اگر ممکن ہو تو مخصوص تاریخ (تاریخیں) اور وقت فراہم کریں؛ ورنہ وقت کی حد فراہم کریں۔)

______________________________________________

4. مبینہ واقعہ (واقعات) کی تفصیل بیان کریں، جتنا ممکن ہو تفصیل فراہم کریں۔

_______________________________________________________________

اس دستاویز پر دستخط کر کے، میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس رسمی شکایت میں موجود معلومات میرے علم کے مطابق بالکل درست ہیں اور میں PWCS سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ٹائٹل IX کے تحت ممنوعہ جنسی ہراسانی کے الزامات کی تحقیقات کرے۔

نام:_______________________________________________________________

PWCS سے رشتہ ☐ سٹوڈنٹ ☐ PWCS ملازم ☐ دیگر_____________________________

دستخط:_______________________________________________________________

تاریخ:_______________________________________________________________

رسمی شکایت ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر کو یو ایس ڈاک، الیکٹرانک میل، یا فیکس کے ذریعے جمع کرائی جا سکتی ہے؛ اسے درج ذیل پتے پر ہاتھ سے بھی دیا جا سکتا ہے،
Kelly Leadership Center, 14715 Bristow Road, Manassas, Virginia 20112a

ڈاک کا پتہ:

Mailing Address:
Title IX Coordinator
Prince William County Public Schools PO
Box 389
Manassas, VA 20108

ای میل: TitleIXEquity@pwcs.edu